## برگِ گل (اقبال نمبر)

مدیر اعلیٰ - پروفیسر امتیاز حسین مفتی

ناشر :۔ شعبہ تصنیف و تالیف، وفاقی گورنمنٹ اُردو کالج۔ بابائے اردو روڈ، کراچی۔

صفحات : ۵۴۴ - بہترین کتابت، عمدہ طباعت، شاندار کاغذ۔

پاکستان کے متعدد رسائل و جرائد نے علامہ اقبال کے بارے میں خاص نمبر شائع کیے ہیں، جن میں وفاقی گورنمنٹ اردو کالج کراچی کا مجلہ "برگِ گل" بھی شامل ہے۔ اس کا اقبال نمبر ہمارے سامنے ہے۔ یہ نمبر ہر لحاظ سے شاندار ہے۔ اقبال کے بارے میں اس نے اپنے قارئین کے لیے جو معلومات بہم پہنچائی ہیں، وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ خوش قسمتی سے اس کی ترتیب میں ملک کی بلند پایہ شخصیتوں نے حصہ لیا ہے، جن میں ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، ڈاکٹر عبداللہ چغتائی، چوہدری عبدالحمید، پروفیسر آفتاب احمد نقوی، پروفیسر محمد صدیق، پروفیسر اختر راہی، مولانا حامد علی خاں، ڈاکٹر وحید قریشی، ڈاکٹر عبادت بریلوی، جسٹس ایس اے رحمٰن، ڈاکٹر محمد ریاض، قاضی افضل حق قرشی، سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، ڈاکٹر خواجہ عبدالرشید، ڈاکٹر محمد معزالدین، پروفیسر محمد ایوب قادری، بشیر احمد ڈار، مرزا ادیب اور اصغر حسین خاں نظیر لدھیانوی کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

مضامین کے تنوع نے اس نمبر کو بڑا دلچسپ اور لائق مطالعہ بنا دیا ہے۔ اقبالیات سے تعلق رکھنے والے حضرات کو اس سے استفادہ کرنا چاہیے۔

---

## گلستانِ حدیث

از مولانا محمد جعفر پھلواروی

یہ چالیس منتخب احادیثِ نبوی کی تشریح ہے۔ ہر حدیث کے مضمون کی تائید میں دوسری احادیث اور قرآن کریم کی آیات سے ان کی مطابقت بہت دلنشین انداز میں بیان کی گئی ہے۔

صفحات : ۲۰۸ قیمت : -/۱۲ روپے

ملنے کا پتا : ادارہ ثقافت اسلامیہ، کلب روڈ لاہور